شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان
36-کے، ماڈل ٹاؤن لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org

6مارچ2026ء

# پریس ریلیز

## غزوۂ بدر کا پیغام طاغوتی قوتوں کی جارحیت کے خلاف ڈٹ جانا ہے۔

## مسلم ممالک آپس میں اتحاد واتفاق پیدا کریں تاکہ دشمن کی سازشوں کو ناکام بنایا جاسکے۔

(شجاع الدین شیخ)

**لاہور (پ ر):** غزوۂ بدر کا پیغام طاغوتی قوتوں کی جارحیت کے خلاف ڈٹ جانا ہے۔ مسلم ممالک آپس میں اتحاد و اتفاق پیدا کریں تاکہ دشمن کی سازشوں کو ناکام بنایا جا سکے۔ اِن خیالات کا اظہار تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے ایک بیان میں کیا۔ اُنہوں نے کہا کہ 17رمضان المبارک 2 ہجری کو اللہ کے رسول ﷺ کی زیرِ قیادت 313جانثارانِ اسلام نے عددی لحاظ سے تین گنا بڑی اور بھرپوراسلحہ سے لیس مشرکین مکہ کی فوج کو میدانِ جنگ میں للکارا اور اللہ کے دین کی سربلندی کے لیے جان کی بازی لگاتے ہوئے شجاعت اور بہادری کی عظیم ترین مثال قائم کر دی۔ اللہ تعالیٰ نے حق و باطل کے مابین اس عظیم معرکہ کو یوم الفرقان قرار دیا اور مسلمانوں کو عظیم فتح عطا فرمائی۔ بعدازاں 6برس کے قلیل عرصہ میں 8ہجری کو رمضان المبارک میں ہی مسلمانوں نے مکہ فتح کر لیا جس کے بعد جزیرہ نما عرب میں اللہ کے دین کی مکمل حکمرانی قائم ہوگئی۔ حقیقت یہ ہے کہ تقریباً ساڑھے چودہ سو سال پہلے غلبۂ دین کے لیے کی جانے والی یہ ایمان افروز جدوجہد اُمتِ مسلمہ کے ہر فرد کے لیے مشعل راہ ہے۔آج مسلمان دنیا بھر میں اس لیے مغلوب ہیں کہ اُنہوں نے انفرادی اور اجتماعی سطح پر اللہ کے دین کو اپنانے اور نافذ و قائم کرنے سے گریز کیا ہے۔ ایمان کے اِس ضعف اور قرآن و جہاد سے دوری کے سبب اللہ تعالیٰ نے دشمن کے دلوں سے مسلمانوں کا رعب نکال دیا ہے اور دنیا کے ہر کونے میں طاغوتی قوتیں مسلمانوں پر بدترین ظلم و ستم ڈھا رہی ہیں، جس کی زندہ مثالیں فلسطین و غزہ اور اب ایران میں اسرائیل اور امریکہ کی بہیمانہ جارحیت ہیں۔ بھارت گزشتہ پون صدی سے کشمیر کے مسلمانوں پر ظلم ڈھا رہا ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ امتِ مسلمہ غزوۂ بدر کی روح کو پھر سے زندہ کرے۔ فضائے بدر پیدا ہوگی تو اللہ تعالیٰ کی تائید اور نصرت بھی ہمارے شامل حال ہو گی، طاغوتی قوتوں کو منہ توڑ جواب دیا جاسکے گا اور ہم دنیا اور آخرت دونوں میں کامیاب ہو سکیں گے۔ ان شاءاللہ!

جاری کردہ

رضاءالحق

مرکزی ناظم نشرواشاعت

# TANZEEM E ISLAMI

**PRESS RELEASE: March 6th, 2026**

**The message of Ghazwah Badr is to stand firm against the aggression of Taghut forces.**

**Muslim countries must establish unity among themselves so that the conspiracies of the enemy can be defeated.**

**(Shujauddin Shaikh)**

**Lahore (PR):** This was stated by the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Shujauddin Shaikh,** in a statement. He said that on the 17th of Ramadan in 2 AH, under the leadership of the Messenger of Allah (*SAAW*), 313 devoted companions of Islam confronted in the battlefield an army of the polytheists of Makkah that was three times larger in number and fully equipped with weapons, and while risking their lives for the supremacy of the Deen of Allah (*SWT*), they set the greatest example of courage and bravery. Allah (*SWT*) declared this great confrontation between truth and falsehood as *Yawm al-Furqan* and granted the Muslims a magnificent victory. Subsequently, within a short span of six years, in 8 AH during the blessed month of Ramadan, the Muslims conquered Makkah, after which the complete rule of the Deen of Allah (*SWT*) was established in the Arabian Peninsula. The reality is that this faith-inspiring struggle carried out nearly fourteen and a half centuries ago for the dominance of the Deen remains a guiding light for every member of the Muslim Ummah. Today Muslims across the world are subdued because they have refrained, both individually and collectively, from adopting and establishing the Deen of Allah (*SWT*). Due to this weakness of faith and the distance from the Qur'an and Jihad, Allah (*SWT*) has removed the awe of Muslims from the hearts of their enemies, and the Taghut forces are committing the worst oppression against Muslims in every corner of the world. Living examples of this are the brutal aggression of Israel and America in Palestine, Gaza, and now Iran, while India has been oppressing the Muslims of Kashmir for nearly three-quarters of a century. He emphasized that the Muslim Ummah must revive the spirit of Ghazwah Badr. When the atmosphere of Badr is revived, the support and help of Allah (*SWT*) will also accompany us, the Taghut forces will receive a crushing response, and we will achieve success in both this world and the Hereafter. In shaa Allah.

**Issued by:**
**Raza-ul-Haq**
**Markazi Nazim Nashr o Ishaat**